اہمیت ، نسخۂ کیمیا...... کے عناوین سے ان ابواب میں کئی ذیلی عنوانات پر تقریری شہ پارے شامل ہیں۔ مولانا عبدالقیوم حقانی کے اہتمام و نگرانی میں شائع ہونے والی یہ کتاب مولانا منور حسین سورتی صاحب کی علمی و دینی قابلیت کی شاہد و عکاس ہے۔ ۲۸۸ صفحات کی یہ کتاب ادارۃ العلم و التحقیق جامعہ ابو ہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ، صوبہ سرحد نے شائع کی ہے۔

"سیاہ خضاب کی شرعی حیثیت"

اس رسالہ میں پاکستان کے ممتاز دینی مدارس کے سیاہ خضاب کی شرعی حیثیت کے متعلق جاری کردہ فتاویٰ کو مجتمع کیا گیا ہے۔ خضاب کی شرعی حیثیت کے علاوہ ناخن پالش جیسے اہم مسئلہ پر بھی علمی بحث جناب محمد رفیق اعتصامی (فاضل درس نظامی) کی اس تالیف میں شامل ہے۔ "نیل پالش کے متعلق اسلامی نقطۂ نظر" کے عنوان سے ایک مختصر انگریزی مضمون بھی شامل کیا گیا ہے۔

۳۲ صفحاتی رسالہ کی قیمت ۱۰ روپے ہے۔

ملنے کا پتہ:- چودھری محمد اکبر کریانہ مرچنٹ، غلہ منڈی روڈ محلہ عباسیہ، احمد پور شرقیہ، ضلع بہاولپور

ماہنامہ "الاشرف" کراچی قرآن نمبر

ماہنامہ "الاشرف" کراچی دینی جرائد میں ایک معتبر نام ہے۔ جون، اگست ۱۹۹۹ء کا ضخیم شمارہ "قرآن نمبر" کا تیسرا حصہ ہے۔ ساڑھے تین سو صفحات پر مشتمل اس نمبر میں ۲۱ علمی مقالے شامل ہیں علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ علامہ ابن سیرینؒ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ، مولانا ابوالحسن علی ندوی، علامہ عبدالحئی لکھنویؒ، مفتی محمد ابراھیم، مفتی عبدالرؤف سکھروی ایسے صاحبان قلم کے رشحات جواہر رقم سے یہ خاص نمبر معطّر و مزین ہے۔ یہ اشاعت خاص "تلاوت قرآن کریم" کے نام سے منسوب ہے۔ اس میں تلاوت قرآن کریم کی فضیلت، تاثیر، مسائل، آداب، ذوق، حقوق اور شخصیات کے ایمان افروز تأثرات شامل ہیں۔ "الاشرف" کے کارپرداز خصوصاً مولانا محمد اسلم شیخوپوری مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے محنت شاقہ سے یہ عظیم دستاویز مرتب کی ہے۔ جوان صاحبانِ علم کے لیے اس جہاں میں باعث قدر و منزلت اور آخرت میں یقیناً نجات کا باعث ہے۔ یہ اشاعت خاص اس سلسلہ کی تیسری کاوش ہے۔

دلکش سر ورق ، مجلد، کمپیوٹر کتابت اور نفیس طباعت کے حامل "قرآن نمبر" کی قیمت صرف ۱۱۰ روپے ہے۔ ملنے کا پتہ: ماہنامہ "الاشرف" الاحمد مینشن ۱۳ بی گلشن اقبال کراچی۔

حق پرست علماء کی مودودیت سے ناراضی کے اسباب

زیر تبصرہ رسالہ شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کا مرتب کردہ ہے۔ روزنامہ "نوائے پاکستان" لاہور کے ایڈیٹر مولانا مرتضیٰ احمد خان میکشؒ نے "نوائے پاکستان" میں سید ابوالاعلیٰ مودودی کے افکار و خیالات کا علمی محاسبہ کرکے خشتِ اوّل رکھی۔ حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ نے مولانا میکشؒ